نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کے بھورے دھبوں اور جراثیمی جھلساؤ کے تدارک سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور: 8 ستمبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے بھورے دھبوں کی بیماری کے دوران دھان کے پتوں پر چھوٹے چھوٹے گول یا بیضوی نشان ظاہر ہوتے ہیں۔ پتوں کے کناروں کا رنگ بھورا اور درمیانی حصہ خاکستری ہوتا ہے۔ بیماری کی شدت بڑھنے پر دھبوں کی تعداد بہت زیادہ ہو جاتی ہے۔ اس کے کنٹرول کیلئے دھان کے کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کی سفارش کردہ پھپھوندی کش زہروں کا سپرے کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ دھان کے جراثیمی جھلساؤ کا حملہ پتے کی نوک اور کناروں سے شروع ہو کر لمبائی اور چوڑائی میں بڑھتا ہے۔ پتوں پر بیماری کی علامات سفید نمدار دھاری کی شکل میں ظاہر ہوتی ہیں اور بعد میں پتے کا بیمار حصہ سوکھ کر سفید ہو جاتا ہے اور پتہ اوپر کی طرف لپٹ جاتا ہے۔ شروع میں اس کا حملہ ٹکڑیوں پر ہوتا ہے جو سازگار موسمی حالات میں بڑھ کر پوری فصل کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ اس بیماری میں فصل دور سے جھلسی ہوئی نظر آتی ہے۔ اس کے تدارک کیلئے کاشتکار اس بیماری کا حملہ نظر اتے ہی محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کی سفارش کردہ زرعی زہروں کا سپرے کریں۔ بیماری والے کھیت سے پانی دوسرے کھیت میں منتقل نہ کریں۔ پانی کی سطح ایک تا دو انچ سے زیادہ نہ ہونے دیں۔ دھان کے کیڑوں بالخصوص پتہ لپیٹ سنڈی کا بروقت موثر تدارک کریں۔ دھان کی فصل پر سپرے سے قبل کاشتکار وقفہ قبل از برداشت (PHI) ضرور ماہرین کے مشورہ سے نوٹ کریں اور تمام سپرے اس کے مطابق کریں۔

☆☆☆☆